NHS England

Leicestershire Partnership NHS Trust


**A )یونیورسٹی ٹیچنگ اور فعال تحقیقی ٹرسٹ**
**(university teaching and research-active Trust**
Bridge Park Plaza
Bridge Park Road
Thurmaston
Leicester
LE4 8PQ

www.leicspart.nhs.uk


اپریل 2021

محترم نوجوان فرد اور والد/والدہ / نگہداشت کنندہ،

**ٹین ایج بوسٹر اور گردن توڑ بخار کی ویکسینیشنز کا پروگرام برائے نوجوان افراد**

قومی ویکسینیشن پروگرام کے حصے کے طور پر، ہماری کمیونٹی امیونائزیشن سروس ( Community Immunisation Service) تعلیمی سال 9 کے تمام (13 تا 14 سالہ عمر کے) نوجوان افراد کو 3 ان 1 ٹین ایج بوسٹر اور گردن توڑ بخار کی ویکسینیشنز کی پیشکش کر رہی ہے۔ یہ معمول کی ویکسینیشنز تشنج، خناق، پولیو (Td/IPV) کے خلاف مسلسل حفاظت کو یقینی بناتی ہیں اور گردن توڑ بخار کی اقسام ACW اور Y کے خلاف تحفظ فراہم کرتی ہیں۔ اس عمر میں ویکسینیشن وصول کرنا اہم ہے کیونکہ یہ نوعمری کے سالوں کے دوران اور اس کے بعد بہترین تحفظ مہیا کرتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| ☑ **جی ہاں، میں ویکسینیشنز لینا چاہتا/چاہتی ہوں** | ☒ **جی نہیں، میں ویکسینیشنز نہیں لینا چاہتا/چاہتی** |

**آپ ایک یا دونوں ویکسینیشنز کے لیے رضامندی کا اظہار کر سکتے ہیں۔**

**آپ جو بھی فیصلہ کریں، لازمی طور پر ہمیں اس سے آگاہ کریں۔**

- مندرجہ ذیل پر آن لائن جا کر رضامندی کا فارم مکمل کریں: **https://www.leicsandrutlandimms.co.uk/**
- خناق، تشنج اور پولیو (Td/IPV)، پردۂ دماغ کا ورم(Meningococcal ACWY) (صرف سال 9 کے لیے)
- آپ کو اپنے اسکول کے لیے کوڈ درکار ہو گا۔
- **Winstanley School** کے لیے اسکول کا کوڈ **LE143844** ہے
- فارم جمع کروانے پر آپ کو تصدیقی ای میل موصول ہو گی۔

یا ہمارے رضامندی کے فارم پر براہ راست جانے کے لیے آپ اپنے اسمارٹ فون کیمرے کو استعمال کرتے ہوئے اس *QR* کوڈ کو اسکین کر سکتے ہیں

**بہترین تجویز:** یقینی بنائیں کے ای میل ایڈریسز مماثل ہوں اور ای میل ایڈریس اور اسکول کوڈ سے قبل اور بعد میں کوئی اسپیسز یا رموز اوقاف موجود نہ ہوں۔

اس خط کے موصول ہوتے ہی آپ کو رضامندی کا فارم مکمل طور پر بھرنے کی ضرورت ہو گی۔

آپ کسی بھی وقت اپنا ارادہ تبدیل کر سکتے ہیں۔

ہم سیشن سے ایک دن قبل اپنی تیاری کے لیے سسٹم کو عارضی طور پر بند کر سکتے ہیں۔ سیشن کے فوراً بعد سسٹم دوبارہ سے کھول دیا جائے گا۔

اگر آپ اسے آن لائن مکمل کرنے سے قاصر ہوں، تو براہ کرم معاونت کی درخواست کے لیے 0300 300 0007 پر ہمیں کال کریں۔ فارم مکمل کرنے کے لیے ہماری ٹیم میں سے کسی ایک رکن کو آپ کو دوبارہ کال کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

ویکسینیشنز بازو کے بالائی حصے پر دو علیحدہ انجیکشنز کی صورت میں دی جاتی ہیں۔ ٹین ایج بوسٹر اور گردن توڑ بخار کے ویکسینیشن پروگرام میں استعمال کی جانے والی ویکسینز میں **الکوحل یا جیلیٹین شامل نہیں ہوتی۔**

ٹین ایج بوسٹر اور گردن توڑ بخار کی ویکسینیشنز کے متعلق مریض کا معلوماتی ورقہ پڑھنے کے لیے، ملاحظہ فرمائیں: www.tiny.cc/boosterleaflet قومی ویکسینیشن پروگرام کے متعلق معلومات کے لیے، ملاحظہ فرمائیں: www.nhs.uk/conditions/vaccinations

نوجوان افراد ان ویکسینیشنز اور دیگر طبی مسائل کے متعلق مزید جاننے کے لیے مندرجہ ذیل کو ملاحظہ کر سکتے ہیں: www.healthforteens.co.uk/health/immunisation

ٹیم اسکولوں میں ویکسینیشن پیش کرتی ہے۔ ہم ویکسین کی محفوظ ترسیل کو یقینی بنانے کی خاطر Covid سے تحفظ کے تمام مناسب اقدامات کو نافذ العمل کرنے کو یقینی بنانے کے لیے تمام اسکولوں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔

سیشن منعقد ہونے کے دن اگر آپ کے ساتھ رہنے والے اہلخانہ کا کوئی فرد ذاتی علیحدگی اختیار کیے ہوئے ہے یا آپ مندرجہ ذیل میں سے کسی علامات کا سامنا کر رہے ہیں تو **پھر براہ کرم شرکت نہ کریں۔**

- **تیز درجۂ حرارت – آپ کے سینے یا کمر پر چھونے سے گرم محسوس ہوتا ہے**
- **ایک نئی مسلسل کھانسی – اس کا مطلب ہے کہ آپ بار بار کھانسنا شروع کر دیتے ہیں۔**
- **سونگھنے یا چکھنے کی آپ کی صلاحیت کا کھو جانا یا تبدیل ہو جانا – اس کا مطلب ہے کہ آپ نے محسوس کیا ہے کہ آپ کسی چیز کو سونگھ یا اس کا ذائقہ محسوس نہیں کر سکتے، یا چیزوں کی بو یا ذائقہ معمول سے ہٹ کر ہے۔**

اگر آپ اس دن غیر حاضر ہوتے ہیں، تو ویکسینیشن کے لیے ایک اضافی موقع فراہم کیا جائے گا۔ براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ یہ ویکسین آپ کے GP کی جانب سے معمول کے مطابق پیش نہیں کی جاتی۔

اگر ہم اسکول میں ویکسینیشن کا سیشن مکمل طور پر پورا کرنے سے قاصر ہوئے تو ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں ایک متبادل مقام کی پیشکش کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ سروس اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ایسی کسی صورت میں آپ کو مکمل طور پر آگہی فراہم کی گئی ہے۔

اگر آپ نے گزشتہ 5 سالوں میں تشنج، خناق اور پولیو (Td/IPV) کی ویکسینیشن لگوائی ہیں تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو بعد میں آنے والی کسی تاریخ تک اس ویکسینیشن کی ضرورت نہ پیش آئے لیکن پھر بھی آپ کو گردن توڑ بخار کی ویکسینیشن کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ ہر نوجوان فرد کا ویکسین سے ان کی مناسبت کی تصدیق کے لیے جائزہ لیا جائے گا۔ اگر آپ کی HPV کی ویکسین بھی باقی رہ گئی ہے تو ہو سکتا ہے کہ اسی وقت اسے بھی لگا دیا جائے اور ان تنیوں کو ایک ساتھ لگوانے میں کوئی نقصان نہیں ہوتا۔

ویکسینیشن کے بعد آپ کو کمیونٹی امیونائزیشنز سروس کی جانب سے بعد از ویکسینیشن سے متعلق کچھ معلومات ای میل کی جائیں گی اور معلومات کو نوجوان فرد کے NHS ریکارڈ میں اپ ڈیٹ کر دیا جائے گا۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں یا کسی ایسی اضافی معاونت کے متعلق گفتگو کرنا چاہتے ہیں جس کی ویکسینیشن کے دوران ضرورت محسوس ہو سکتی ہے تو آپ مندرجہ ذیل ٹیلیفون پر ٹیم سے رابطہ کر سکتے ہیں: 0300 300 0007 (آپشن 1 کو منتخب کریں پھر آپشن 4 اور پھر آپشن 2 کو) یا بذریعہ ای میل: communityimms@leicspart.nhs.uk ہماری ویکسینیشنز کی پیشکش کے دورانیے میں کال والیوم زیادہ ہوتا ہے اور مصروف اوقات میں آپ کو اپنی کال کا جواب حاصل کرنے کے لیے انتظار کی زحمت اٹھانی پڑ سکتی ہے۔ آپ کے پاس ٹیم کے لیے وائس میل چھوڑنے کا اختیار ہو گا اور ہم آپ کو واپس کال کریں گے۔

آپ کے مخلص،

Suzanne L. Leatherland

سوزانے لیدرلینڈ (Suzanne Leatherland)
**امیونائزیشن سروس مینیجر**
***لیسٹر شائر پارٹنرشپ NHS ٹرسٹ***
**(Leicestershire Partnership NHS Trust)**

T Davies

ڈاکٹر ٹم ڈیوس (Dr Tim Davies)
**اسکریننگ اور امیونائزیشن کے رہنما کنسلٹنٹ**
**– NHS England and NHS Improvement**
***مڈ لینڈز (Midlands)***

| **رضامندی کا آن لائن فارم مکمل کرنے پر نوٹس** |
|---|
| ملاحظہ کریں: https://www.leicsandrutlandimms.co.uk/Forms/DTP<br>اپنا ای میل ایڈریس درج کریں اور تصدیق کریں<br>اپنا اسکول کوڈ درج کریں: LE143844 اور اسکول تلاش کریں پر کلک کریں۔ آپ کے اسکول کا نام ظاہر ہو جانا چاہیئے۔<br>***بہترین تجاویز:***<br>• ہمارے صفحے کو ڈھونڈنے کے لیے آپ "Leicester imms" سے آن لائن بھی تلاش کر سکتے ہیں<br>• یقینی بنائیں کہ ای میل ایڈریسز مماثل ہوں اور ای میل ایڈریس اور اسکول کوڈ سے قبل اور بعد میں کوئی اسپیسز یا رموز اوقاف موجود نہ ہوں۔<br>**حصہ 1: مریض کی معلومات اور رابطے کی تفصیلات**<br>**اگر دستیاب ہو، تو براہ کرم اپنے بچے کا NHS نمبر شامل کریں**<br>اگر آپ کسی GP پریکٹس کے ساتھ رجسٹر شدہ ہیں تو آپ کے پاس پہلے سے یہ نمبر موجود ہو گا۔ یہ ایک 10 ہندسی نمبر ہے جو ہر فرد کے لیے منفرد ہوتا ہے اور اپنے طبی کارڈ پر اسے تلاش کیا جا سکتا ہے۔ اسے NHS کے کسی بھی خط، کسی بھی نسخے اور ہر بچے کی ریڈ بُک – "بچے کی صحت کا میرا ذاتی ریکارڈ" میں بھی ڈھونڈا جا سکتا ہے۔<br>**حصہ 2: رضامندی کا اعلامیہ**<br>فلو ویکسینیشن کی اجازت دینے کے لیے اسے مکمل کریں۔<br>**حصہ 3: طبی ہسٹری**<br>ویکسینیشن کی ہسٹری اور ویکسینیشن کے دوران درکار کسی بھی معاونت سے متعلق سوالات کو مکمل کریں۔<br>**کوئی نو عمر فرد آپ کی رضامندی کے بغیر بھی اپنے لیے اس ویکسینیشن کو لینے کی رضامندی دینے کے قابل ہو سکتا/سکتی ہے اور طبی ماہرین ایک باخبر فیصلہ لینے کی ان کی اہلیت کا جائزہ لیں گے۔**<br>**معلومات کا اشتراک کرنا:** اسکول میں ویکسینیشن کے بعد، ایک اطلاع نامہ فراہم کیا جائے گا اور معلومات کو آپ کے بچے کے NHS طبی ریکارڈ میں شامل کر دیا جائے گا۔<br>**دیگر زبانوں میں طبی معلومات پر معاونت کے لیے، براہ کرم مندرجہ ذیل ملاحظہ کریں:**<br>https://www.nhs.uk/about-us/health-information-in-other-languages/ |